بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حج کی سعادت مبارک ہو

یہ حج کی سعادت مبارک ہو تم کو — متاعِ عنایت مبارک ہو تم کو
وہ ہر سمت انوار ، ہر سو تجلی — وہ نورِ ہدایت مبارک ہو تم کو
اذانِ سحر کا حرم میں وہ منظر — غموں سے فراغت مبارک ہو تم کو
مبارک ہوں وہ ملتزم پر دعائیں — وہ ذوقِ عبادت مبارک ہو تم کو
وہ میزابِ رحمت کے نیچے نمازیں — بشوقِ اطاعت مبارک ہو تم کو
مبارک ہوں وہ سنگ اسود کے بوسے — لبوں کی حلاوت مبارک ہو تم کو
وہ رکنِ یمانی پہ ہر دم تجلی — وہ آثارِ رحمت مبارک ہو تم کو
یہ پی پی کے زمزم کو سیراب ہونا — وہ کوثر کی لذت مبارک ہو تم کو
وہ عرفات میں آنسوؤں کی دعائیں — وہ دل کی طہارت مبارک ہو تم کو
نکل پڑنا آنسو، گناہوں کو دھونے — دعائے شفاعت مبارک ہو تم کو
منیٰ میں رمی کا وہ پر کیف منظر — عدو سے عداوت مبارک ہو تم کو
خلوص اور بڑے شوق سے خوں کا بہانا — یہ خوئے سخاوت مبارک ہو تم کو
مدینے کی مسجد کا دیدار کرنا — وہ دنیا کی جنت مبارک ہو تم کو
نبی ﷺ اور صحابہؓ کی قبروں کے آگے — سلام و زیارت مبارک ہو تم کو
قبا و بقیع و احد کی زیارت — بحسن ارادت مبارک ہو تم کو
دعا ہے یہ کیفی کے قلبِ حزیں کی — یہ حج و زیارت مبارک ہو تم کو

بشکریہ: محمد زکی کیفی از: ''کیفیات'' ص:64

انتخاب وتصرف: ابومحمد عبدالوہاب خان